BOARD OF INTERMEDIATE AND SECONDARY EDUCATION,MULTAN (122) (9th)

OBJECTIVE KEY FOR SSC SPECIALEXAMINATION,2021

Name of Subject: اردو (لازمی) Session: 2021

Q.Nos	Paper Code 1021	Paper Code	Paper Code	Paper Code
1	C			
2	D			
3	C			
4	A			
5	D			
6	B			
7	C			
8	C			
9	A			
10	B			
11	D			
12	B			
13	D			
14	C			
15	A			
16				
17				
18				
19				
20				

سرٹیفکیٹ بابت تصحیح سوالیہ پرچہ/مارکنگ Key

ہم نے مضمون ___اردو___ پرچہ ___I___نہم___ گروپ ___X___ میٹرک سپیشل امتحان 2021ء کا سوالیہ پرچہ انشائیہ ومعروضی (Subjective & Objective) کو بنظر عمیق چیک کرلیا ہے یہ پرچہ Syllabus کے عین مطابق Set کیا گیا ہے۔ اس سوالیہ پرچہ میں کسی قسم کی کوئی غلطی نہ ہے۔ ہم نے سوالیہ پرچہ کا اردو اور انگریزی Version بھی چیک کرلیا ہے۔ یہ Version آپس میں مطابقت رکھتے ہیں۔ نیز اس پرچہ کی معروضی (MCQs) Key کی بابت تصدیق کی جاتی ہے کہ اس میں بھی کسی قسم کی کوئی غلطی نہ ہے۔ مزید یہ کہ ہم نے Key بنانے سے متعلق دفتر کی جانب سے تیار کردہ ہدایات وصول کرکے ان کا بغور مطالعہ کرلیا ہے اور ان کی روشنی میں Key بنائی ہے۔ نیز سب ایگزامینرز کیلئے تفصیلی مارکنگ ہدایات/ مارکنگ سکیم/Rubrics بھی تیار کر دی گئی ہیں۔

Prepared & Checked By:

Dated: 21-12-2021

S.#	Name	Designation	Institution	Mobile No	Signature
1	Muhammad Ramzan	S.S.T	G H/S Shamsabad, Multan	0308-7335595	[signature]
2	Syed Masrod Nabi	S.S.T.	G. New Millat H/S Mumtazabad Multan	0345-7229292	[signature]
3					
4					

رول نمبر 123

2021

سیکنڈری سکول امتحان پارٹ - I (جماعت نہم) (سپیشل امتحان)

اردو (لازمی)

وقت = 2.10 گھنٹے

کل نمبر = 60

حصہ انشائیہ

حصہ اول

نوٹ۔ جوابی کاپی پر وہی سوال نمبر اور جزو نمبر درج کیجیے جو کہ سوالیہ پرچے میں درج ہے۔

2۔ مندرجہ ذیل نظم وغزل کے اشعار کی تشریح کیجیے۔ (تین اشعار حصہ نظم اور دو حصہ غزل سے) 10

(حصہ نظم)

(i) جسے جس طرف آنکھ ، جلوہ ہے اس کا — جو یک سُو ہو دل وہی چار سو ہے

(ii) قبضہ ہو دلوں پر کیا اور اس سے سوا تیرا — اک بندہ نافرماں ہے حمد سرا تیرا

(iii) ہے لازوال عہدِ خزاں اِس کے واسطے — کچھ واسطہ نہیں ہے اِسے برگ وبار سے

(iv) محرم بھی ہے ایسا ہی جیسا کہ نامحرم — کچھ کر نہ سکا جس میں یاں بھید کھلا تیرا

(حصہ غزل)

(i) ہستی اپنی حباب کی سی ہے — یہ نمائش سراب کی سی ہے

(ii) دلِ ناداں تجھے ہوا کیا ہے — آخر اس درد کی دوا کیا ہے

(iii) چشمِ دل کھول اس بھی عالم پر — یاں کی اوقات خواب کی سی ہے

حصہ دوم

3۔ درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی تحریر کیجیے۔ 10

(الف) تشریف آوری کی خبر مدینے میں پہنچ چکی تھی۔ تمام شہر ہمہ تن چشمِ انتظار تھا۔ معصوم بچے فخر اور جوش میں کہتے پھرتے تھے کہ پیغمبرؐ آ رہے ہیں۔ لوگ ہر روز تڑکے سے نکل نکل کر شہر کے باہر جمع ہوتے اور دوپہر تک انتظار کر کے حسرت کے ساتھ واپس چلے آتے۔

(ب) ننھا ہے آپ کا۔ عید کے روز میلے میں سے یہ کھلونا گاڑی لے آیا تھا۔ نہ اس کم بخت کا دل اس سے بھرتا ہے نہ وہ کم بخت ٹوٹتی ہے۔ ارے مَیں نے کہا ننھے، نہیں مانے گا نامراد ؟ چھوڑیں اپنی اس پٹ پٹ کو۔ جب دیکھو لیے پھر رہا ہے۔ صاحب زادے کا دل کسی طرح پُر ہونے ہی میں نہیں آتا۔ چولھے میں جھونک دوں گی اس کم بخت کو، اتنا خیال بھی نہیں آتا ابا بیمار پڑے ہیں۔

4۔ کوئی سے پانچ سوالوں کے مختصر جواب دیجیے۔ 2 x 5 = 10

(i) سراقہ بن جُعشم کیسے تائب ہوا؟
(ii) قوم کی بہتری کیسے ممکن ہے؟
(iii) ہمسائے کی کون سی حرکت سے میاں کے آرام میں خلل پڑ رہا تھا؟
(iv) مضمون نگار نے امتحان دیا تو کیا نتیجہ نکلا؟
(v) ماسٹر جی کو چائے کیسے پیش کی گئی؟
(vi) خلوتِ اوراق میں کون نغمہ زن تھے؟
(vii) کس کا حق سب سے مقدم ہے؟
(viii) شاعر اضطراب کی حالت میں کیا کرتا ہے؟

5۔ کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔ (i) آرام وسکون (ii) امتحان 5

6۔ کتاب میں دی گئی نظم ’’ پیوستہ رہ شجر سے امیدِ بہار رکھ ‘‘ کا مرکزی خیال یا خلاصہ لکھیں اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 5

7۔ اپنے/اپنی ناراض دوست/سہیلی کے نام خط لکھیے جس میں اُسے منانے کی کوشش کی گئی ہو۔ یا

اپنے سکول کے ہیڈ ماسٹر صاحب/ ہیڈ مسٹریس صاحبہ کے نام بوجہ بیماری چھٹی کی درخواست لکھیے۔ 10

8۔ ’’ جس کا کام اُسی کو ساجے ‘‘ کے عنوان پر ایک کہانی تحریر کیجیے۔ یا مریض اور ڈاکٹر کے درمیان ایک مکالمہ تحریر کیجیے۔ 5

9۔ درج ذیل جملوں کی درستی کیجیے۔ 5

(i) آپ نے کہاں جانا ہے؟
(ii) مجھ کو بازار جانا ہے۔
(iii) تین گلاس، تین پلیٹیں اور پانچ جگ ٹوٹ گیا۔
(iv) جی نے چاہا تو آؤں گا۔
(v) ہمت کو ہارنا اچھی بات نہیں۔

یا

درج جُملوں کی تکمیل کیجیے۔

(i) آخ تُھو ________
(ii) سُوت نہ کپاس ________
(iii) بارہ برس دلی میں رہے ________
(iv) حساب جَو جَو ________
(v) آ بیل ________

PAPER CODE NUMBER:1021	رول نمبر ____124____

2021

سیکنڈری سکول امتحان پارٹ - I (جماعت نہم) (سپیشل امتحان)

اردو (لازمی)

وقت = 20 منٹ

حصہ معروضی

کل نمبر = 15

نوٹ۔ ہرسوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہرسوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ دائروں کو پُر نہ کرنے کی صورت میں کوئی نمبر نہیں دیا جائے گا۔ اس سوالیہ پرچہ پر سوالات ہرگز حل نہ کریں۔

سوال نمبر 1۔

(1) حافظ عالم نے مسلمانوں کو دارالامان ______ کی طرف رخ کرنے کا حکم دیا۔ (A) مکہ (B) طائف (C) مدینہ (D) یمن

(2) ہرایک انسان پر لازم ہے۔ (A) اپنے بارے میں سوچے (B) مزے دار کھانے کھائے (C) حقے کے دھوئیں اڑائے (D) اپنے اندرونی قویٰ کو زندہ رکھے

(3) سبق '' آرام وسکون '' میں میاں صاحب کا نام تھا۔ (A) اشتیاق (B) مشتاق (C) اشفاق (D) اسحاق

(4) بندے پر امتحان کا اثر نہیں ہوتا۔ (A) رتی برابر (B) ذرہ برابر (C) بالکل (D) معمولی

(5) ماسٹر جی کے بیٹھنے کے لیے کیا چیز منگوائی گئی؟ (A) پیڑھی (B) کرسی (C) بنچ (D) چارپائی

(6) سبق '' آرام وسکون '' میں بیوی نے اپنے میاں کے لیے کھانے کو کیا تیار کروایا؟ (A) نارنگی کا رس (B) ساگودانہ کی کھیر (C) گنے کے رس کی کھیر (D) بُھنے ہوئے چنے

(7) سبق '' قدر ایاز '' میں ماسٹر صاحب کس مہینے شکار کو نکلے؟ (A) ستمبر میں (B) نومبر میں (C) دسمبر میں (D) اکتوبر میں

(8) اللہ تعالیٰ کا گدا مگن رہتا ہے۔ (A) اپنی جھونپڑی میں (B) اپنی گدڑی میں (C) اپنی کملی میں (D) اپنی دُنیا میں

(9) ڈالی کس موسم میں شجر سے ٹوٹ گئی؟ (A) خزاں (B) بہار (C) گرما (D) سرما

(10) شاعر بار بار کس کے در پر جاتا ہے؟ (A) رشتہ دار کے (B) محبوب کے (C) عاشق کے (D) دشمن کے

(11) '' قبیلہ '' کی جمع ہے۔ (A) کبائل (B) قبلہ (C) قبیل (D) قبائل

(12) '' ہدایات '' کی واحد ہے۔ (A) ہدایا (B) ہدایت (C) ہدایتیں (D) ہدایتوں

(13) '' نیکی '' کا متضاد ہے۔ (A) برائی (B) گناہ (C) بے حیا (D) بدی

(14) '' دن '' کا متضاد ہے۔ (A) اندھیرا (B) دوپہر (C) رات (D) سویرا

(15) '' ملازم '' کی مونث ہے۔ (A) ملازمہ (B) ملزوم (C) ملزمہ (D) ملازمت